NHS

*Cancer Screening Programmes*

# CERVICAL SCREENING URDU

## The Facts

# سرویکل سکریننگ اردو

## حقائق

### سرویکل سکریننگ کیا ہے؟

- سرویکل سکریننگ سرویکل کینسر (رحم کے سرطان) کی تشخیص کرنے کا ٹیسٹ نہیں ہے۔ یہ سروِکس کی صحت کا پتہ لگانے کا ٹیسٹ ہے، جو رِحم کا نچلا حصہ ہے (اسے عام طور پر رِحم کی گردن کہا جاتا ہے)۔
- بہت سی عورتوں کو اس ٹیسٹ کے نتائج سے پتہ چلتا ہے کہ سب کچھ ٹھیک ہے۔
- لیکن 10 میں سے ایک عورت کے لئے، ٹیسٹ خلیوں میں ایسی تبدیلیاں ظاہر کرتا ہے جو بہ سی چیزوں کی وجہ سے پیدا ہو سکتی ہیں۔
- ان میں سے بیشتر تبدیلیوں کے نتیجے میں سرویکل کینسر نہیں ہوگا۔

### مجھے سرویکل سکریننگ کی ضرورت کیوں ہے؟

سرویکل کینسر سے بیشتر حالات میں بچا جا سکتا ہے۔ سرطان کے پیدا ہونے کے امکان کی نشانیوں کا شروع میں ہی پتہ لگ سکتا ہے، اس لئے اسے اس کے شروع ہونے سے پہلے ہی روکا جا سکتا ہے۔

انگلستان میں ہر سال تقریباً 900 عورتیں سرویکل کینسر سے مر جاتی ہیں۔ تاہم، جن عورتوں کو یہ ہوتا ہے ان میں سے بیشتر کی باقاعدگی کے ساتھ سکریننگ نہیں ہوئی ہوتی۔ سرویکل کینسر کے پیدا ہونے کے خطرے ں ایک سب سے بڑی وجہ سرویکل سکریننگ کے لئے نہ جانا ہے۔

کینسر ریسرچ یو کے کے ادارے کے سائنسدانوں کے اندازے کے مطابق، انگلستان میں ہر سال سرویکل سکریننگ سے 4,500 تک زندگیاں بچ جائیں گی۔

### کیا یہ ٹیسٹ سب عورتوں کو کروانا چاہئے؟

ہم یہ ٹیسٹ 25 اور 64 سال کے درمیان کی سب عورتوں کے لئے فراہم کرتے ہیں لیکن سرویکل کینسر زیادہ عام ہوتا ہے اگر:

- آپ تمباکو نوشی کرتی ہیں؛
- آپ نے پہلی بار جنسی فعل کم عمری میں کیا تھا؛
- آپ کے متعدد جنسی پارٹنر رہے ہیں یا کوئی ایسا جنسی پارٹنر رہا ہے جس کے متعدد اور جنسی پارٹنر رہے ہیں؛ یا
- آپ امیونو سپریسنٹ ڈرگز یعنی مدافعت کو دبانے والی ادویات (مثال کے طور پر جسم کے کسی عضو کے ٹرانسپلانٹ کے بعد) لیتی ہیں

اگر آپ حیض کے بند ہونے (مینو پاز) کے مرحلے سے گزر چکی ہیں، تب بھی یہ دیکھنے کے لئے کہ آپ کا سروکس صحت مند ہے آپ کو ٹیسٹ کروانے کی ضرورت ہوگی۔ اپنے ڈاکٹر سے مشورہ طلب کیجئے اگر:

- آپ کی ہسٹریکٹومی (رِحم کے نکال دینے کی سرجری) ہوئی ہے؛
- آپ 65 سال سے اوپر ہیں؛
- آپ نے کبھی کسی مرد سے جنسی فعل نہیں کیا؛ یا

- آپ کو یقین نہیں ہے کہ آیا آپ کو ابھی بھی ٹیسٹ کرانے کی ضرورت ہے ۔

## این ایچ ایس سرویکل سکریننگ پروگرام کیا ہے؟

یہ پروگرام یقینی بناتا ہے کہ اگر آپ کی عمر 25 اور 64 سال کے درمیان ہے، توآپ کو خود بخود اس کا دعوت نامہ وصول ہو گا۔ ہم آپ کا نام آپ کے ڈاکٹر کی فہرست سے لیں گے ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ بات اہمیت رکھتی ہے کہ آپ کے ڈاکٹر کے پاس ہر وقت آپ کا صحیح نام اور پتہ ہو۔

آپ کے پہلے سرویکل سکرین کے بعد، آپ کو 25 اور 49 سال کی عمر کے درمیان ہر تین سال کے بعد دعوت نامے ملیں گے ۔ اس کے بعد آپ کو 50 اور 64 سال کی عمر کے درمیان ہر پانچ سال کے بعد دعوت دی جائے گی ۔

## میرا ٹیسٹ کون کرے گا؟

ایک ڈاکٹر یا کوئی نرس آپ کا ٹیسٹ کریں گے ۔ اگر آپ سٹاف کی کسی خاتون رکن کو ترجیح دیں گی یا چاہیں گی کہ کوئی آپ کے ساتھ موجود ہو، تو مہربانی کر کے اپوائنٹ منٹ لیتے وقت اس کی فرمائش کیجئے ۔

## کیا مجھے کپڑے اتارنے ہوں گے؟

ہم آپ کو کمر کے نیچے سے کپڑے اتارنے کے لئے کہیں گے، لیکن اگر آپ پوری اسکرٹ پہنتی ہیں توآپ کو اسے اتارنے کی ضرورت نہیں ہوگی ۔

## ٹیسٹ کے دوران کیا ہوتا ہے؟

ڈاکٹر یا نرس آپ سے کاؤچ پر لیٹنے کے لئے کہیں گے ۔ پھر وُہ دھیرے سے ایک چھوٹا آلہ، جسے سپیکولم کہتے ہیں، آپ کی اندام نہانی ( وَجائنا ) کو کھلا رکھنے کے لئے اس میں ڈالیں گے ۔

اس کے بعد، وُہ کچھ خلیے جمع کرنے کے لئے ایک چھوٹا سا کنگھی یا برش کی طرح کا اوزار کروکس کے اوپر پونچھیں گے ۔ وُہ ان خلیوں کو ایک سلائڈ پر یا مائع کے ایک چھوٹے کنٹینر میں منتقل کریں گے ، اور اسے خوردبین تلے خلیوں کے معائنے کے لئے بھیجیں گے ۔ اس ٹیسٹ میں صرف چند منٹ لگتے ہیں ۔

## کیا اس ٹیسٹ میں تکلیف ہوتی ہے؟

ہوسکتا ہے اس میں آپ کو کچھ بے آرامی یا درد ہو - چھوٹے ، گہرے سانس لیجئے اور پرسکون رہنے کی کوشش کیجئے کیونکہ اگر تناؤ کی حالت میں ہوں گی تو تکلیف زیادہ ہوگی ۔ اگر تکلیف ہو، تو اسی وَقت ڈاکٹر یا نرس کو بتائیے، ہوسکتا ہے کہ وُہ آپ کی بے آرامی کم کر سکیں ۔

## کیا کوئی ایسی چیز ہے جو مجھے ٹیسٹ سے پہلے کرنی چاہئے؟

آپ کی ماہواری کے دوران آپ کا ٹیسٹ نہیں ہو سکتا اس لئے یقینی طور پر بندوبست کیجئے کہ آپ کو جو اپوائنٹ منٹ ملے وُہ آپ کی ماہواری سے پہلے یا بعد کی تاریخ پر ہو۔ بہترین وَقت آپ کے دوَر کے درمیان میں ہوتا ہے ۔

## کیا میں ٹیسٹ سے پہلے جنسی فعل کر سکتی ہوں؟

اگر آپ منی کش چیز ( سپرمی سائڈ ) ، حمل میں رکاوٹ ڈالنے والی چیز یا چکنا کرنے والی جیلی استعمال کرتی ہیں، توآپ کو یہ ٹیسٹ سے 24 گھنٹے پہلے استعمال نہیں کرنے چاہئیں، کیونکہ ان میں جو کیمیائی چیزیں ہیں وُہ ٹیسٹ پر اثر انداز ہو سکتی ہیں ۔

## مجھے میرے نتائج کب ملیں گے؟

جب آپ کا ٹیسٹ ہو جائے گا، تو ڈاکٹر یا نرس آپ کو بتائے گی کہ آپ کو اپنے نتائج کہاں اور اندازاً کب ملیں گے ۔ اس بات کا اطمینان کیجئے کہ سرجری یا کلینک چھوڑنے سے پہلے آپ یہ معلومات حاصل کر لیں ۔

## سروِیکل سکریننگ پر کس حد تک بھروسا کیا جا سکتا ہے؟

شرؤع میں پتہ چل جائے اؤر اس کا علاج ہو تو اس سے 75% کے قریب سرطان بڑھنے سے رؤکے جا سکتے ہیں لیکن دؤسرے سکریننگ ٹیسٹوں کی طرح، یہ بالکل صحیح نہیں ہے۔ ہو سکتا ہے کہ یہ ہمیشہ خلیوں میں ہونے ؤالی ان تبدیلیوں کا شرؤع میں ہی پتہ نہ لگا سکے جن کے نتیجے میں سرطان ہو سکتا ہے۔

ہو سکتا ہے کہ آپ کی سلائڈ پر غیر معمولی خلیے پہچانے نہ جا سکیں کیوں کہ:

- بعض اؤقات ہو سکتا ہے کہ ؤہ معمول کے خلیوں سے مختلف نظر نہ آئیں؛
- ہو سکتا ہے سلائڈ پر غیر معمولی خلیے بہت کم ہوں؛ یا
- ہو سکتا ہے جس شخص نے آپ کی سلائڈ کا مطالعہ کیا ہے ؤہ غیر معمولی حالت نظر انداز کر جائے (یہ کبھی کبھار ہو ہی جاتا ہے، چاہے نتائج پڑھنے ؤالا کتنا ہی تجربہ کار ہو)

10 میں سے تقریباً ایک ٹیسٹ کو دؤبارہ کرنا پڑتا ہے کیونکہ

- ہو سکتا ہے کہ آپ کو انفیکشن ہو جس کا ایک ؤاضح سلائڈ بنانے سے پہلے علاج کرنا ضرؤری ہو؛
- ہو سکتا ہے آپ کی سلائڈ پر سرؤیکل خلیے خون یا میوکس (لعابی مادے) نے چھپا دیئے ہوں؛
- ہو سکتا ہے آپ کی سلائڈ پر سرؤیکل خلیے اتنے نہ ہوں کہ جن سے صحیح تشخیص مل سکتی ہو؛
- ہو سکتا ہے آپ کا نمونہ ٹھیک طریقے سے تیار نہ کیا گیا ہو؛ یا
- ہو سکتا ہے کہ سلائڈ ٹوٹ گئی ہو۔

**اگر آپ کو کوئی غیر معمولی علامتیں نظر آئیں،**
**جیسے جنسی فعل کے بعد یا ماہواریوں کے درمیان خون بہنا،**
**تو آپ کو چاہئے کہ اپنے ڈاکٹر سے ملیں۔**

## اگر مجھے دوباہ بلایا جائے تو اس کا کیا مطلب ہے؟

شاذؤنادر ہی اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ آپ کو کینسر ہے۔ اس کا صرف یہ مطلب ہو سکتا ہے کہ آپ کا نمونہ دیکھنے میں ؤاضح نہیں ہے اؤر یہ کہ ہمیں ایک اؤر ٹیسٹ کرنے کی ضرؤرت ہے۔ اسے 'غیر تسلی بخش نتیجہ' کہتے ہیں۔

دؤسری طرف، آپ کے نتیجے سے سرؤکس کے خلیوں میں چند کچھ چھوٹی تبدیلیوں کی نشاندہی ہو سکتی ہے۔ اگر غیر معمولی تبدیلیوں (جنھیں ڈسکاریوسس۔ dyskaryosis کہتے ہیں) کا سراغ ملے، تو آپ کا ٹیسٹ 'غیر معمولی ٹیسٹ' ('ایبنارمل ٹیسٹ') کہلائے گا۔ یہ سرطان نہیں ہوتا ہے۔ تاہم، بعض اؤقات کینسر کا پتہ اس ؤقت چلتا ہے جب غیر معمولی نتیجہ پر مزید چھان بین کی جاتی ہے۔ اس بارے میں مزید معلومات کے لئے کہ غیر معمولی نتیجے سے کیا مطلب ہے، آپ کینسر سکریننگ پرؤگرام کے ہمارے لیف لیٹ 'آپ کے غیر معمولی نتیجے کا کیا مطلب ہے' ('What your abnormal result means') کا مطالعہ کر سکتی ہیں۔

## کیا غیر معمولی تبدیلیوں کے بارے میں کچھ کیا جا سکتا ہے؟

ہاں۔ آپ کا ڈاکٹر یا نرس ؤضاحت کریں گے کہ کیا کرنے کی ضرؤرت ہے۔ ؤہ آپ سے کہہ سکتے ہیں کہ آپ مزید سرؤیکل سکریننگ کے ٹیسٹوں کے لئے آئیں کیونکہ ہو سکتا ہے کہ غیر معمولی خلیے خود بخود معمول پر آجائیں۔

تاہم، ؤہ آپ سے زیادہ قریبی معائنے کے لئے ہسپتال جانے کے لئے کہہ سکتے ہیں جسے 'کولپوسکوپی' ('colposcopy') کہتے ہیں۔

کولپوسکوپی کے بارے میں مزید معلومات کے لئے، آپ ہمارے کینسر سکریننگ پرؤگرام کا لیف لیٹ 'کولپوسکوپی کے ذریعے معائنہ' ('The colposcopy examination') ملاحظہ کر سکتے ہیں۔

اگر ضرورى ہو تو، علاج کا ایک معمولی طریقہ کار ہوتا ہے اور عام طور پر آؤٹ پیشنٹ کلینک میں کیا جاتا ہے ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کو وہاں رات کو ٹھہرنا نہیں پڑے گا۔

## کیا سرویکل سکریننگ سے کینسر کی روک تھام ہو سکتی ہے؟

شروع میں ہی سرؤکس میں تبدیلیوں کا پتہ چلانے کا بہترین طریقہ باقاعدگی سے سرؤیکل سکریننگ ہے ۔ شروع میں پتہ لگا لینے اور علاج کرنے سے تقریباً 75% معاملات میں سرطان کے پھیلنے کو روکا جا سکتا ہے ۔

## میرے نمونے کو دیکھ لیا جاتا ہے تو اس کا کیا کرتے ہیں؟

جو لیبارٹری آپ کے نمونے کا معائنہ کرتی ہے وہ اسے کم از کم 10 سال محفوظ رکھے گی۔ اس کے بعد وہ آپ کے تازہ ترین نتیجے کا آپ کے پہلے نتائج کے ساتھ موازنہ کر سکتے ہیں ۔ اس کا مقصد اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ آپ کو وہ علاج ملے جس کی آپ کو ضرورت ہے ۔ عمدہ سروس مہیا کرنے اور سپیشلسٹ سٹاف کے تجربے اور مہارت میں اضافہ کرنے کی ہماری کوشش کے ضمن میں وہ سکریننگ کے تمام ریکارڈز پر نظرثانی کر سکتے ہیں، جن میں آپ کا نمونہ بھی شامل ہے ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جو عملہ ہیلتھ سروس میں کسی اور جگہ کام کرتا ہے، انہیں آپ کے ریکارڈ دیکھنے کی ضرورت پڑے گی ۔

جب کسی نظرثانی سے پتہ چلے کہ آپ کا علاج مختلف طریقے سے ہونا چاہیئے تھا، تو ہم آپ سے رابطہ کریں گے ۔ اگر آپ چاہیں گے تو ہم آپ کو آپ کے معاملے پر نظرثانی کے بارے میں معلومات مہیا کریں گے ۔ ہم جو ریکارڈ رکھتے ہیں، ان کے بارے میں مزید معلومات کے لئے آپ **این ایچ ایس ڈائرکٹ سے 0845 4647 پر رابطہ کر سکتے ہیں ۔**

## خلاصہ

آپ کو یہ فیصلہ کرنے میں مدد دینے کے لئے کہ آپ کو سرؤیکل سکریننگ کے لئے آنا چاہیئے یا نہیں، سرؤیکل سکریننگ کے خاص فوائد اور مشکلات کے بارے میں نیچے وضاحت کی گئی ہے:

- سرؤیکل سکریننگ سے سرؤیکل کینسر کے بڑھنے کا خطرہ کم ہو جاتا ہے ۔
- سرؤیکل سکریننگ کی وجہ سے، اب سرؤیکل کینسر اس ملک میں اتنا عام مرض نہیں ہے ۔
- سرؤیکل کینسر کی شرحیں 1980 کی دہائی سے نصف ہو گئی ہیں، جس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ بیشتر عورتیں سرؤیکل سکریننگ باقاعدگی سے کرواتی ہیں ۔
- 10 میں سے ایک کیس میں، خلیے خوردبین تلے اچھی طرح نہیں دیکھے جا سکتے اور ٹیسٹ دوبارہ کرنا پڑتا ہے ۔
- ٹیسٹ سے سرؤکس (رحم) کے خلیوں میں غیر معمولی نوعیت کی چھوٹی موٹی تبدیلیاں دیکھی جا سکتی ہیں اور اگر ان کی سکریننگ نہ کی جاتی تو وہ خود بخود ختم ہو گئی ہوتیں، اور عورتوں کو ان کے بارے میں کبھی پتہ بھی نہ چلتا ۔ ابھی تک یہ واضح نہیں ہوا کہ کون سی معمولی نوعیت کی غیر معمولی تبدیلیاں بڑھ کر سرطان بن جائیں گی اور کون سی نہیں ۔ جب معمولی نوعیت کی کوئی غیر معمولی تبدیلی نظر آتی ہے تو بہت سی عورتیں فکرمند ہو جاتی ہیں ۔
- سرؤیکل سکریننگ رحم کی ہر غیر معمولی نوعیت کی حالت کا پتہ نہیں لگاتی ۔
- باقاعدگی سے سرؤیکل سکریننگ رحم کے سرطانوں (سرؤیکل کینسروں) میں سے تقریباً 75% کے پیدا ہونے کو روک سکتی ہے، لیکن یہ ہر کیس کی روک تھام نہیں کر سکتی ۔
- کچھ عورتیں ٹیسٹ کرانے کو ایک ناخوشگوار تجربہ محسوس کرتی ہیں ۔
- ریسرچ سے پتہ چلتا ہے کہ سرؤیکل سکریننگ سے انگلستان میں ہر سال 4,500 تک زندگیاں بچ جائیں گی ۔

## مزید معلومات اور مدد

اگر آپ سروس کے بارے میں کچھ پوچھنا چاہتی ہیں تو:

- اپنے ڈاکٹر سے پوچھئے؛
- اپنی مقامی ہیلتھ کلینک سے رابطہ کیجئے؛
- www.cancerscreening.nhs.uk پر ہماری کینسر سکریننگ کی ویب سائٹ ملاحظہ کیجئے؛ یا
- www.nhsdirect.nhs.uk پر این ایچ ایس ڈائرکٹ ملاحظہ کیجئے ۔

اسے ڈیپارٹمنٹ آف ہیلتھ نے این ایچ کینسر سکرینِنگ کے پروگراموں کے اشتراک سے، اور کینسر ریسرچ یو کے پرائمری کیئر ایجوکیشن ریسرچ گروپ کے مشورے اور مدد سے، شائع کیا۔

CANCER RESEARCH UK

©کراؤن کاپی رائٹ 2006
سی اوآئی نے ڈیپارٹمنٹ آف ہیلتھ کے لئے تیار کیا
آخری تجدید 2006

اس دستاویز کا متن ذاتی یا ادارے کے اندر استعمال کے لئے بغیر باضابطہ اجازت یا معاوضہ کے دوبارہ تیار کیا جا سکتا ہے۔

اگر آپ کو اس کی مزید کاپیاں درکار ہوں، تو **272855/Cervical Screening** کا حوالہ دیجئے اور ان سے رابطہ کیجئے:

ڈی ایچ پبلی کیشنز آرڈر لائن
DH Publications Orderline
ٹیلی فون: 08701 555 455
فیکس: 01623 724 524
ای میل: dh@prolog.uk.com

272855/Cervical Screening فرمائش کرنے پر بریل، آڈیو ٹیپ اور بڑی چھپائی میں بھی دستیاب ہو سکتا ہے۔

دوسری زبانوں کے متن اس پتے سے دستیاب ہیں:
www.cancerscreening.nhs.uk/cervical/publications/in-04.html